# عظمت واحسان حضرت ابوطالبؑ

ڈاکٹر شجاعت حسین

حضرت ابوطالب علیہ السلام ابن عبدالمطلب علیہ السلام، حضرت علی ع اور رسول اکرم ص کے چچا کو کافر کہنے والوں، علی مولا ع کرنے والوں اور منبر سے آپ ع کے ایمان ثابت کرنے والوں سے گزارش ہے کہ ان خصوصیات کا مطالعہ کریں: آپ کے دیوان و صحیفۂ آسمانی، تصدیق نبوت، بنی امیہ کا ابوطالب ع سے حسد، بنی عباس کا آپ سے بغض، آپ کے آباؤ اجداد متولیان کعبہ، آپ مصداق آیات، عالم کتاب، آپ کے وارث حضرت علی ع، ابوطالب ع اور اعلان ذریت ابراہیم، صحیفۂ ابوطالب میں رسول ص کا تعارف، آپ کا قصیدۂ لامیہ اور رسول اکرم ص، آپ کے صحیفے میں قرآنی الفاظ کی مماثلت، کلام ابوطالب میں ارکان حج کی تفصیل، کریمانہ اخلاق، بے مثال ادیب، یادگار اسماعیل ع، آپ پر القائے غیب، معجزانہ کلام، آپ کی خبر کا قرآن میں بیان کہ وہ اللہ کی خبر تھی، اور آپ کا بیان عقل سے کام نہ لینے والوں کے لیے پیغام۔

حضرت ابوطالب علیہ السلام کی مندرجہ بالا کلمات و خصائص کے علاوہ ان فضائل ومناقب وعظمتوں پر غور وفکر کریں کہ آپ کی خبر کی تصدیق قرآن سے، کعبہ کو اللہ کا گھر قرار دینا، آپ کی پیش گوئی واقعات کربلا، محمد ص کو روشن چراغ سے تشبیہ دینا، آپ نے سب سے پہلے مسجد کا لفظ عبادت گاہ کے لیے استعمال کیا، آپ نے محمد ص کو صادق القول کہا، آپ نے ہی اللہ پاک کو رب المغارب ومشارق کہا تو قرآن میں یہ خبر اللہ کی بیان ہوئی، آپ ہی نعت رسول ص وقصیدہ رسالت لکھنے والوں کے پیشرو و امام ہیں، مصطفیٰ ص کے حوصلہ ابوطالب اور علمائے اہلسنت کی کتابوں سے ابوطالب علیہ السلام کے فضائل، عظمت و ایمان کی پختگی اور شگفتگی کے مطالعہ کے لیے ناگزیر ہے۔



آج تک نہ باطل رکا اور نہ حق نے شکست مانی کیونکہ حق کا کام ہی باطل کو شکست دینا ہے۔ تاریخ کے ان ہی المیہ میں ایک بحث ایمان ابوطالب علیہ السلام ہے۔ احقاق حق اور ابطال باطل اپنے اپنے دلائل کے ساتھ رواں دواں ہیں۔ ایمان ابوطالب علیہ السلام کی بحث تو ہر طریقے سے مکمل ہے اور ایمان ابوطالب ع آثار وقرآن سے ثابت شدہ ہے۔

اب کردار، الہام، اخلاق، جمال، شمائل، نطق، کلام، دیوان، فکر، ذکر، عقیدہ، عمل، میراث، اولاد، اجداد ابوطالب ماحصل یہ کہ سوانح ابوطالب اس بات کا پکار پکار کر اعلان کر رہی ہے کہ تقریر یا تحریر اس پر نہیں ہونا چاہیے کہ ابوطالب مومن تھے یا کافر، ان کے ایمان پر گفتگو نہ ہو بلکہ اب تقریر یا تحریر مذکورہ بالا نکتے پر ہی ہو، یعنی آپ ع کی عظمت، فضیلت واہمیت واحسانات پر ہو ورنہ سامعین اور قارئین کے وقت کی بربادی مانی جائے گی۔

تحریر کے آغاز سے پہلے حضرت ابوطالب علیہ السلام کی مدح وثنا کرتے ہوئے آگے بڑھنے کی سعی کرتا ہوں:

بڑا سہارا دیا آپ نے پیمبر کو
حفاظت نبوی میں لٹا دیا گھر کو
کبھی لٹایا نشست نبی پہ حیدر کو
کبھی عقیل کو طالب کو اور جعفر کو
وہ جس نے دین پہ دولت ہر اک لٹادی ہے
تو اس کے بدلے میں امت نے کربلا دی ہے

حضرت علی علیہ السلام میں موجود نوے 90 انبیاء کرام کے خصائل بتا رہے ہیں کہ علی علیہ السلام شجرے کے لحاظ سے ننھیالی اور ددھیالی حوالوں سے انبیاء کے سلسلے کی کڑی ہیں۔ انھیں کڑیوں کی ایک شاخ کا نام شیخ بطحی، سید العرب، مختار کعبہ، محسن اسلام، والیٔ نبی، محافظ رسالت، حضرت عمران لقب بہ ابوطالب ہے۔ حضرت ابوطالب کی ذات والا گرامی کے متعلق لکھنا ایسا ہی ہے جیسے آدم و نوح و ابراہیم و موسیٰ وعیسیٰ وختمی مرتبت، تاجدار انبیاء، رحمت اللعالمین حضرت محمد مصطفیٰ ص کے متعلق کچھ لکھنا۔

ابوطالب "ابوطالب" ہیں۔ ان کا کوئی مثل نہیں۔ ان کی کوئی نظیر نہیں۔ جب کوئی حضرت ابوطالب ع کے متعلق سوچتا ہے تو ان کے تصور میں نور کے ہالے میں گھری ہوئی ایک وجیہہ وشکیل، مضبوط جسم کی مالک ایک ذات ابھرتی ہے۔ جو انبیاء کا دائرے کا نقطۂ پرکار بنا ہوا ہے۔ ہر نبی عموماً اور خاتم النبیین مخصوصاً جس کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اگر آپ نہ ہوتے تو اسلام کا اعلان نہ ہو پاتا (دعوت ذوالعشیرہ)، اگر آپ نہ ہوتے تو اسلام نہ پھیل پاتا (حضرت علی علیہ السلام کی جانفشانیاں) اور آپ نہ ہوتے تو اسلام باطل کے حملے سے نہ بچ پاتا (حسین اور کربلا)۔

حضرت ابوطالب علیہ السلام کی ذکاوت، ذہانت، سیادت، شرافت، شجاعت، سخاوت، علم، حلم، تقویٰ، پرہیزگاری اور تمام صفات مستند اور باایمان تاریخی حوالوں سے ثابت ہیں اور یہی تمام اوصاف حضرت ابوطالب علیہ السلام کو ممتاز وممیز قرار دیتے ہیں۔

محسن اسلام اور محافظ رسالت حضرت ابوطالب علیہ السلام سے بنی امیہ نے بغض وحسد کی انتہا کردی۔ آپ جب کتب بینی میں دلچسپی رکھیں گے اور مطالعہ کا ذوق پیدا کریں گے، تحقیق کرتے ہیں تو حاصل کریں گے کہ آیات و احادیث نبوی اور واقعات سے ثابت ہے کہ حضرت ابوطالب ع کی وحدانیت اور رسالت کے اقرار اور رسول خدا ص کی آغاز بعثت سے ہر قسم کی نصرت، حمایت و حفاظت آخری لمحۂ حیات تک کرتے رہے اور دخول دین اسلام کا مقصد نصرت وحمایت و اتباع رسول ص ہے۔ دراصل بنی امیہ اور ان کے حامی خاندان حضرت ابوطالب ع اور بنی ہاشم سے بغض وحسد کرتے چلے آئے کہ بنی ہاشم اپنی نیک نفسی، شرافت اور فضیلت سے عرب کے سردار کیوں تسلیم کر لیے گئے اور دوسری وجہ یہ تھی کہ جب بنی ہاشم میں حضرت محمد مصطفیٰ ص نے اعلان رسالت فرمایا تو بنی امیہ کے قلب پر بجلی گری۔

اب آپ کو غور کرنا ہوگا کہ یہ خاندانی دشمنی نہ تھی بلکہ مذہبی عداوت تھی ورنہ ایک عام مسلمان بھی جانتا ہے کہ کسی مسلمان کا نکاح کافر نہیں پڑھ سکتا۔ تاریخ اسلام کی کتاب کا مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اکرم ص کے ساتھ حضرت خدیجہ بنت خویلد کا نکاح حضرت ابوطالب ع ہی نے پڑھا تھا اور آپ ع کا پڑھا ہوا خطبہ نکاح کتاب میں موجود ہے۔ اس کے علاوہ جن کے گھر قرآن نازل ہوا جو رسول خدا ص کے ساتھ 23 سال نبوت اور رسالت کے پورے وقت اور تا حیات حضرت محمد مصطفیٰ ص کے ساتھ رہے اور جن کی اطاعت کا حکم خدا اور رسول ص نے دیا انہیں خارج ایمان کہنے لگے۔

اے بنی امیہ، بنی عباس کے ماننے والوں اپنے ایمان وآخرت کی فکر کرو۔

حضرت ابوطالب علیہ السلام پر قارئین کرام کے لیے ایک اجمالی نظر ضروری ہے۔ آپ کی ولادت 540 عیسوی میں ہوئی، آپ کے دادا کا نام حضرت ہاشم ابن عبد مناف، دادی حضرت سلمہ بنت عمرو (بنی نجار) والد ماجد حضرت عبدالمطلب ووالدہ ماجدہ فاطمہ بنت عمرو مخزومی اور زوجہ حضرت فاطمہ بنت اسد جن کے چار فرزند: حضرت طالب، حضرت عقیل، حضرت جعفر اور حضرت علی علیہم السلام تھے۔ ابوطالب علیہ السلام کی بیٹیوں کے نام جناب ام ہانی، جناب جمانہ اور جناب اسماء سلام اللہ علیہا ہیں۔ آپ کی وفات 620 عیسوی 26 رجب المرجب کو 80 برس کی عمر میں ہوئی۔ اس وقت حضرت محمد مصطفیٰ ص کی عمر 50 سال کی تھی اور حضرت علی علیہ السلام 20 سال کے تھے۔

ابوطالب ع اعتدال پسندی، انصاف پروری اور حلم و بردباری کے جوہر سے آراستہ تھے۔ عرب کے نامور حکماء ودانشمند جناب ابوطالب ع سے استفادہ کرتے اور ان سے اخلاق فاضلہ کے درس لیتے تھے۔ چنانچہ احنف بن قیس سے جو عرب میں حلم وبردباری کے لحاظ سے شہرہ آفاق تھا پوچھا گیا کہ تم نے یہ حلم وبردباری کس سے سیکھی ہے اس نے کہا کہ قیس ابن عاصم المنقری سے۔ اور قیس ابن عاصم سے پوچھا گیا کہ تم نے حلم وبردباری کا سبق کس سے لیا ہے؟ کہا حکیم عرب اکثم ابن صیفی سے اور اکثم ابن صیفی سے پوچھا گیا کہ تم نے حکمت ریاست، حلم و بردباری وسربراہی کے اصول کس سے سیکھے ہیں؟ کہا سردار عرب وعجم، سراپا علم و ادب ابوطالب ابن عبدالمطلب سے۔"

حضرت ابوطالب ع اپنے دور کے ایک مدبر ومعلم اخلاق اور مفکر ودانشمند ہی نہ تھے بلکہ ایک بلند پایہ شاعر و سخن دان بھی تھے۔ اور ایک دیوان "دیوان شیخ الاباطح" کے علاوہ آپ کے اشعار کا ایک کافی ووافی ذخیرہ تاریخ و سیر کی کتابوں میں بکھرا پڑا ہے۔ آپ کے اشعار میں روانی وسادگی اور متانت وحسن نظم کے ساتھ ان میں اخلاقی تعلیمات اور حق پرستی وحق نوازی کے زریں درس ہوتے تھے۔ اسی لیے حضرت علی علیہ السلام آپ کے اشعار کو علمی و اخلاقی سرمایہ قرار دیتے ہوئے فرماتے تھے: "ان کے اشعار پڑھو اور اپنی اولاد کو پڑھاؤ۔ اس لیے کہ ان کے کلام میں علم کا بڑا ذخیرہ ہے۔"

حضرت ابوطالب علیہ السلام اپنی زندگی کے آخری لمحوں میں پیغمبر اکرم ص کی صداقت وامانت کی گواہی دینا اور خیر وسعادت اور رشد وہدایت کو ان کے اتباع سے وابستہ کرنا اعتراف رسالت وتصدیق نبوت نہیں ہے تو کیا ہے۔ اور یہ ہدایت آموز و ایمان افروز کلمات ان کے اسلام کے آئینہ دار ہیں۔

زمانے سے ابوطالب کا جب سفر ٹھہرا
بلایا اپنے بھتیجے کو اور پیار کیا
علی کا ہاتھ محمد کے ہاتھ پر رکھا
بسا کے آنکھوں سے آنسو پکارے اے بیٹا
پڑے جو وقت تو گھر بار بھی لٹا دینا
لہو بھی ان کے پسینے پہ تم بہا دینا

پیغمبر ص کا سب سے بڑا ناصر ومددگار اور سرپرست غمگسار 80 برس کی عمر میں جوار رحمت میں پہنچ گیا۔ آنحضرت ص پر کوہ الم ٹوٹ پڑا، آنکھوں میں آنسو امنڈ آئے اور گلوگیر آواز میں علی علیہ السلام سے فرمایا "جاؤ! انھیں غسل دو، کفن پہناؤ اور دفن کا سامان کرو۔ خدا انہیں مغفرت کرے اور اپنی ان کے شامل حال رکھے!"

حضرت علی نے غسل وکفن دیا۔ حضور اکرم ص تشریف فرما تھے اپنے محسن ومربی چچا کو کفن میں لپیٹا ہوا دیکھ کر بہت غمزدہ ہوئے اور آنسو بہائے۔

حضور اکرم ص نے فرمایا: اے چچا آپ نے بچپن میں پالا، یتیمی میں میری کفالت کی، بڑا ہونے پر میری نصرت وحمایت کی، خداوند عالم میرے طرف سے آپ کو جزائے خیر دے۔

جب جنازے اٹھا کر لے چلے تو آپ کندھا دیتے ہوئے شروع سے آخر تک شریک جنازہ اور اس کوہ صبر و ثبات کو کوہ حجون کے دامن میں دفن کرواپس ہوئے۔

علی گڑھ، موبائل 7060888223

---

# جس سمت میں چاہے صفتِ سیلِ رواں چل

فہیم انساء مہوش

وہ تمام مسایل جو اقداروں سے وابستہ ہیں ضروری ہے کہ حل کی طرف متوجہ ہوں۔ جو مغربی تہذیب کی عکاسی کرتی ہے ۔۔اس سماجی، اخلاقی ،اور تہذیبی پہلوؤں کی مجموعی صورتحال کا جائزہ۔۔۔۔تمام مسایل کی موجودگی کا انکشاف کرتا ہے تو وہیں پر اسکے حل کی طرف کی توجہ کا آغاز بھی تربیت کے آغاز سے ہوتا ہے ۔۔تربیت کسی خاص مرحلے وعمر کی محتاج نہیں تربیت عمل وگفتار، فکر ونظر ونظریات کی وسعت اور تبادلے سے بھی منسلک ہے۔۔تربیت کا قدروں سے محروم پہلو ہی ہمیں آج اس احساس کو اجاگر کرنے کا اور کیی واقعات میں پچھتاوے کا باعث بن رہا ہے۔۔

اوراب اسکی تلافی کے لیے یہ ضروری قدم ہے ک اپنی تہذیب کو اپنے تعلیمی عمل کو ایک بار پھر قدروں سے مربوط کیا جاے۔۔جہاں ترقی محض ترقی نا ہو بلک" ایک ایسی آبیاری ہو جس سے ہر پودا اپنے ماحول سے اور قدروں کی جڑوں سے کردار کی زمین پر پھلے پھولے"۔۔اور یہی تعلیمی عمل بظاہر تو لوگوں کے نزدیک صرف۔ مادی ترقی سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتا۔۔لیکن ,اسکے پایدار اثرات کی جڑیں معاشرے میں پھیل جائیں تو اقدار کے ثمرات نظر آجایں۔

آج امت مسلمہ کے خاص کر وہ نوجوان لڑکے لڑکیاں جو دین سے بے بہرہ ہیں یا پھر ناخواندہ ہیں ۔۔انھیں اس وقت لازماً ایک ایسی رہنمائی کی ضرورت ہے جو انہیں بہتر زندگی کے بنیادی اصولوں سے متعارف کراے۔۔جو ان میں خودی کی شمع جلاے۔۔۔کیونک علم شعور عطا کرتا ہے۔۔اور اس بےشعوری سے نکلنے کے اسباب پیدا کرنے ہونگے ۔۔انھیں یہ سمجھنا ضروری ہے کہ زندگی گزارنے کے لیے دولت سے زیادہ ضروری اسے گزارنے کے اصول ہوتے ہیں ۔۔وہ بنیادی اصول جن کو اپنانے سے کردار سے پھولوں کی مہک آتی ہے۔۔وہ اصول جو باقاعدہ طور پر مسلمان ہونے کی معیار و کردار کے ساتھ معاشرے میں شناخت بناتے ہیں۔۔

آج کے خاص طور پر شہر کے نوجوان بیٹنگ ایپس میں مبتلا ہیں جو انھیں یکسر تعلیمی دلچسپی سے محروم کر رہی ہیں۔۔یہ تفریح نفسیاتی طور پر وقتی خوشی اور لالچ سے بھرپور ہوتی ھے ۔۔اور رقم ہارنے پر وہ دیگر جھوٹ اور چوری جیسی برائیوں میں مبتلا ہوتے ہیں۔۔ڈپریشن اور ذہنی بیماریوں میں مبتلا ہوجاتے ہیں ۔۔اخلاقیات اور ذہنی صلاحیتیں تباہ ہوجاتی ہیں۔۔,ناکامی کا خوف اور ذہنی دباؤ جیسی کیفیت میں مبتلا ہوتے ہیں ۔۔,وہ تو بھلا ہوا ک حکومت نے اب اس پر اور اسکا اشتہار کرنے والوں پر بھاری جرمانہ عاید کیا۔ کاش یہ پہلے ہی ہوتا۔۔ کیی نوجوان ماں باپ اور خاندان کی عزت خراب کر چکے ہیں۔۔شہروں میں یہ ایک بہت سنگین مسئلہ ہے۔۔اور ایک سنگین سماجی المیہ ہے۔۔جو غیر قانونی سرگرمیوں کی ترویج کرتا ہے۔۔اس میں خواندہ اور ناخواندہ دونوں نوجوان شامل ہیں۔۔ان سرگرمیوں پر نظر رکھنا اتنا ضروری ہے جتنا تربیت کے لیے لازمی اصول معنی رکھتے ہیں ۔۔نوجوان نسلوں کی شہری ترقی میں کامیاب رول ہوتا ہے ۔۔ترقی صرف سڑکوں اور عمارتوں سے معمور نہیں ہے۔۔۔ بلکہ ,علم، جزبے اور کارکردگی اور نوجوانوں کی شمولیت میں ہے ۔۔آج کے اس دور میں جہاں ہر طرف ترقی کے بے شمار مواقعے ہیں لیکن اقدار پر ضرب لگی ہوی ہے ۔۔ایسے میں امت مسلمہ کے نوجوانوں کو چاہیے کے اپنے کردار کو سنوارے اور انہیں ترقی کا صحیح مفہوم واضح ہو ک اسلام اعلی اخلاق اور سماجی وانسانی اقدار کا علمبردار ہے۔۔امت مسلمہ قدروں کی ترویج میں ایک کلیدی رول ادا کرسکتی ہے ۔جمود کی حالت میں معاشرہ فکر وتدبر سے تعمیراتی سوچ سے ہمکنار نہیں ہوسکتا۔۔انسانی شخصیت کے تمام پہلوؤں میں اسکے اخلاقی اقدار جس سے ملی تحریک پیدا ہوتی ہے وہیں دوسری قومیں بھی متاثر ہوتی ہیں۔۔اور محنت و جانفشانی تو ہمارے معاشرے کے نوجوانوں سے رخصت لے رہی ہے ۔۔۔انھیں محنت کرنے سے شرم محسوس کرنے کے احساس کو مٹانا ہوگا۔۔انھیں صحتمند زندگی کے تمام اصولوں سے متعارف کراتے ہوے۔۔انکے دینی رجحان کو بڑھانا ہوگا۔۔تاک جو چیز مہلک ہے اس سے بچ سکیں۔۔انھیں ,اسلامی شناخت کو مضبوط کرنے کے لیے اسلاف کے ذکر سے مربوط کرنا چاہیے۔نوجوانوں کی بیکاری کو بے روزگاری سے جوڑ کر نہیں دیکھنا چاہیے بلک اسکے اندر موجود ہنر کو دیکھتے ہوے اس کو بلا جھجک اپنانے کی ترغیب دینے ہوگی کہ کوی بھی ہنر، کوی بھی کام نا چھوٹا ہوتا ہے اور نا بےوقعت۔۔ہماری حقیقت سے نظریں چرانے والے زندگی ریاکاری کا ملمع چڑھانے رکھنے والی زندگی نوجوانوں کو غلط پیغام پہنچا رہی ہے ۔۔زندگی کبھی پھولوں کی سیج نہیں ہوسکتی ۔۔۔ک ہم اپنے تصورات کو فکس کر کے رکھیں اور انھیں اپنے لیے آرام کی آماجگاہ سمجھیں۔۔ بلک زندگی کی نشیب وفراز کو عملاً سمجھنا ہی دراصل زندگی گزارنے کے اصولوں سے واقف کراتا ہے۔۔

حسب ذیل امور میں ہمارے مسلم نوجوانوں کو آگے بڑھنا چاہیے ۔۔تاک انکی تعمیری سوچ معاشرے کے لیے نفع بخش ہونے کے ساتھ ساتھ اپنی شناخت وتہذیب کی ترجمانی بھی کرے۔۔

تعلیم اور ہنر۔۔۔۔۔۔تعلیم آگے بڑھنے کی اور اخلاقی قدروں کو سمجھنے کی بنیاد ہر دور میں رہی ہے ۔۔بھلے ہی اسکی جدید شکل مادیت پسندی کو فروغ دے ۔۔لیکن امت مسلمہ کا تعلیم کا نصف سے زاید حصہ قرآن مجید اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے جو اقدار کو مسلسل فروغ دینے کا باعث بنتی ہے۔۔اور قدروں قایم و دایم رہنے کا واحد ذریعہ تعلیم بھی ہے ۔۔جہاں شہر اور گاؤں جدید ٹکنالوجی کی وجہ سے ترقی کی راہ پر گامزن ہیں۔۔۔وہیں نیی اختراعات کی وجہ سے مزید ترقی کے اس وقت امکانات روشن ہیں ۔۔ایسے میں معاشرے کو مکمل ترقی کے بے ضابطہ حدود سے باخبر رہنا چاہیے ۔تاک مغربی تہذیب مکمل حاوی نا ہو۔۔اس بات سے انکار نہیں کیا جاسکتا ک تعلیمی ترقی نے تہذیب کو کہیں پس پشت ڈال دیا۔۔ والدین کا اولین فریضہ اس وقت قدروں کا تحفظ ہے ۔۔وہ بھی ترقی سے بچوں کو روبرو کراتے ہوے۔۔۔آج ہمارے معاشرے میں غربت کا جو جال پھیلا ہوا ہے۔۔وہ ترقی اور تعلیم کے مواقعوں کی اہمیت سے محروم ہونے کی وجہ سے۔۔نوجوانوں کو چاہیے ک وہ اپنی معیشت کو مضبوط کریں تاک وہ خودمختار بنیں۔۔کسی ایک مقصد کے ناکام ہونے کے خوف کھانے کے بجاے اپنے اندر کی مہارتوں کو فروغ دیں اور روزگار وسرمایہ کاری سے معاشرے میں خوشحالی کا باعث بنیں۔۔

سماجی خدمات۔۔۔ ہر فرد کو اپنے سماج کی مجموعی صورتحال پر نظر رکھنی چاہیے ,۔اسکی ایک اہم ضرورت جو وقت کے تقاضوں پر مبنی ہے ک وہ حالات حاضرہ سے باخبر رہے۔۔آج امت مسلمہ کے اپنے وقار میں کمی کی سب سے بڑی وجہ اس کا سیاست سے حالات حاضرہ سے دور رہنا ہے۔۔۔اگر حالات حاضرہ سے واقفیت ہو تو تمام سماجی پہلوؤں کے بدلتے مزاج سے شناسائی ہوگی۔۔اور پر وقت حل سے نا صرف معاشرے کے خدوخال بدلیں گے بلک ساری برائیوں کا بھی احساس ہوگا اور اسکے خاتمے کے لیے حل بھی وجود میں آئیں گے۔۔۔اور تو سیاسی صورتحال سے باخبر رہنا ہر فرد کے لیے اسکے حقوق اور جمہوری نظام کا استعمال اور اطلاق میں کامیاب ثابت ہوگا ۔۔وہیں پر ایک بہترین شہری بننے میں بھی اسکے اپنے حقوق وفرایض میں باشعور بنادینگی ۔۔شہری مسایل جیسے صحت وصفائی، دور ماحولیات کے تحفظ میں بھی ان کا حصہ لینا ایک مثبت تبدیلی کا باعث بن سکتا ہے ۔فضول اور لایعنی کاموں کے بجاے نوجوان رضاکارانہ کاموں اور فلاحی اداروں سے مربوط ہوکر اس کام کو انجام دے سکتے ہیں۔۔

آج اسے بدلنے کی ضرورت ہے ۔۔امت مسلمہ کے نوجوان آج اسلام کے نظام حیات سے اور ضابطہ زندگی کے بنیادی اصولوں سے نا اقف ہے ۔اگر اسلام کے اصولوں کا شعور ان میں پیدا کرنے کی کوشش بھی کی جاے تو کچھ اس حد تک اقدار سے بیزار ہیں ک وہ متزلزل یقین سے اسے قبول کرتے ہیں ۔۔اور یہ انتہائی تشویش کی صورتحال ہے ۔۔۔۔۔آج اگر امت مسلمہ راہ راست پر آجاے دین اور اسکی خوبصورتی کو سمجھ جاے تو زندگی کے تمام مقاصد بہت عظیم اور غیر معمولی سطح پر آجاتیں ۔۔افسوس ک آج عمر کا بیشتر حصہ انکا بےمقصد گزرتا ہے ۔۔وہ مومن کے اوصاف کا اپنی زندگی میں اطلاق کریں تو وہ انکی نا صرف ایمانی طاقت بنتا ہے بلک وہ اپنے عزایم ومقاصد کے حصول میں کامیاب وباوقار مقام حاصل کر سکتے ہیں۔

سیاسی بصیرت اور قیادت۔۔۔امت مسلمہ اپنی حق تلفیوں کی بذات خود گواہ ہے۔۔جہاں اسکا مقام ومرتبہ مجروح ہوا وہیں پر اسکے سیاسی شعور کا فقدان اسے اپنی ہی نظر میں بےوقعت ہونے کی کیفیت اتنی مضبوط تر ہوتی گیی ک وہ اپنے حقوق کے وقتاً فوقتاً دستبردار ہونے میں کوئی جھجک محسوس نہیں کرتا۔۔یا پھر اپنے فیصلوں پر ثابت قدم رہنے کی پرعزم کیفیت بھی بےمعنی ہوگیی۔۔جس کی لاٹھی اسکی بھینس پر وہ چپ چاپ تماشائی بنتا آرہا ہے۔۔شہری حقوق کے تحفظ کو ہمیشہ بہترین قیادت کی ضرورت ہوتی ہے ۔۔جو ہر فرد کے حقوق کے تحفظ اور ترقی کے لایحہ عمل میں شامل رکھنے میں کارگر نظر آتی ہے۔فیصلوں میں ڈٹے رہنے کی کیفیت کیی بار خسارے سے محفوظ رکھتی ہے وہ خسارے چاہے مقام ومرتبہ کا تعین کرتے ہوں یا حق تلفیوں کا۔۔۔شہری، وملکی ترقی کا حصول نوجوانوں کی شمولیت پر اور انکے مثبت اور تعمیری سرگرمیوں پر منحصر ہے۔۔اور اقدار کی پاسداری کے ساتھ ترقی کا جزبہ انھیں آگے بڑھنے میں مددگار ہونے کے ساتھ معاشرے کے لیے ایک بہترین تقلید کا باعث بن سکتا ہے ۔۔کاینات انسانوں کی انسانیت اور اقدار کی تکمیل کی منتظر ہے ۔۔تاک اپنی ساخت پر دوسری تہذیبوں کے ملمع کاری سے۔۔ترقی اور تعمیری سرگرمیاں کسی رکاوٹ کے پیش نظر اقوام کو تاریکی میں ڈھکیل دیتی ہے ۔۔ضرورت تو اس صفت سیل رواں کی ہے جس کا مقصد کاینات کو تسخیر کرنا اور اپنے عزایم سے مقاصد کا حصول کرنا ہے ۔۔کیونک ترقی اقداروں سے وابستہ ہو کر ہی بامعنی بن سکتی ہے۔۔ ۔۔اور تب یہ حقیقت تجھ پر آشکار ہوگی ک دنیا کا ہر خطہ تیری ترقی وفتح کا منتظر ہے۔۔کیونک دنیا میں وہی قومیں فاتح قرار پای ہیں جنھوں نے اپنے اندر دنیا کو فتح کرنے کا جزبہ زندہ رکھا۔۔ہمیں مغربی تہذیب سے مغلوب ہونے کی ضرورت نہیں ۔۔بلک مغربی سازش کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔۔یہ ساری کاینات تیرے ہی لیے ہے۔۔تو اپنی شان کو اس میں پیوست کردے اپنی ذات ،اپنی خودی اور اپنی تہذیب ,کی ترویج کے ساتھ اپنے آپ کو اوج کمال پر لے جا۔۔اسی لیے تو اقبال نے یہ پیغام دیا۔۔

جس سمت میں چاہے صفت سیل رواں چل
وادی یہ ہماری ہے وہ صحرا بھی ہمارا ہے

---

# سادہ زندگی، اطمینانِ قلب، مسلمان کے لیے حقیقی طرزِ زندگی

**سادہ پسند مسلمان دراصل وہ مسلمان ہے جو اپنی زندگی کو غیر ضروری بوجھ اور فضولیات سے آزاد کر کے صرف آن چیزوں پر اکتفا کرتا ہے جو اس کی ضرورت اور دین کی روح کے مطابق ہیں۔ یہ تصور نہ کوئی نیا فلسفہ ہے اور نہ ہی کوئی مغربی ایجاد؛ بلکہ یہ وہی تعلیم ہے جو قرآن و سنت نے چودہ سو سال پہلے پیش کی تھی۔ فرق صرف یہ ہے کہ آج کے دور میں ہم نے اپنی زندگی کو اتنا پیچیدہ اور مصنوعی بنا لیا ہے کہ ہمیں دوبارہ اسی اصل اور بنیادی سادگی کی یاد دہانی کرانی پڑ رہی ہے۔ رسول اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی سیرت کو دیکھیں تو وہ سراسر سادہ طرزِ زندگی کی عملی تصویر ہے۔ آپؐ کا بستر اکثر کھجور کی چھال کا ہوتا، کھانے میں سادگی تھی، کپڑے عام مگر صاف اور بابرکت ہوتے اور رہائش نہایت سادہ۔ آپؐ نے فرمایا: "سادگی ایمان کا حصہ ہے"۔ آپؐ نے اسراف اور نمود و نمائش کو ہمیشہ ناپسند فرمایا۔ یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرامؓ نے بھی دنیا کو دل سے نکال کر ایک سادہ اور مقصدی زندگی گزاری۔**

عبدالعزیز

مسلمان کی اصل پہچان ہمیشہ سے سادگی، وقار اور میانہ روی رہی ہے۔ اسلام نے اپنے ماننے والوں کو نہ صرف ایمان اور عبادت کی تلقین کی بلکہ ان کی روزمرہ زندگی کے ہر پہلو کو اعتدال اور توازن کے ساتھ گزارنے کی رہنمائی بھی فراہم کی۔ آج کے زمانے میں جب دنیا صارفیت، نمود ونمائش، اور بے جا اسراف میں جکڑی ہوئی ہے، ایک نیا مگر حقیقتاً پرانا رجحان سامنے آیا ہے جسے جدید زبان میں "سادہ طرزِ حیات" کہا جاتا ہے۔ اور جب یہ رجحان اسلامی تناظر میں دیکھا جائے تو اسے "سادہ پسند مسلمان" کہا جاسکتا ہے۔

سادہ پسند مسلمان دراصل وہ مسلمان ہے جو اپنی زندگی کو غیر ضروری بوجھ اور فضولیات سے آزاد کر کے صرف آن چیزوں پر اکتفا کرتا ہے جو اس کی ضرورت اور دین کی روح کے مطابق ہیں۔ یہ تصور نہ کوئی نیا فلسفہ ہے اور نہ ہی کوئی مغربی ایجاد؛ بلکہ یہ وہی تعلیم ہے جو قرآن وسنت نے چودہ سو سال پہلے پیش کی تھی۔ فرق صرف یہ ہے کہ آج کے دور میں ہم نے اپنی زندگی کو اتنا پیچیدہ اور مصنوعی بنا لیا ہے کہ ہمیں دوبارہ اسی اصل اور بنیادی سادگی کی یاددہانی کرانی پڑ رہی ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کو دیکھیں تو وہ سراسر سادہ طرز زندگی کی عملی تصویر ہے۔ آپ کا بستر اکثر کھجور کی چھال کا ہوتا، کھانے میں سادگی تھی، کپڑے عام مگر صاف اور بابرکت ہوتے اور رہائش نہایت سادہ۔ آپؐ نے فرمایا: "سادگی ایمان کا حصہ ہے"۔ آپؐ نے اسراف اور نمود ونمائش کو ہمیشہ ناپسند فرمایا۔ یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرامؓ نے بھی دنیا کو دل سے نکال کر ایک سادہ اور مقصدی زندگی گزاری۔

سادہ پسند مسلمان کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ انسان اپنی جائز ضروریات اور خوشیوں کو ترک کر دے یا زندگی کو غیر فطری حد تک مشکل بنا لے۔ اسلام نے جہاں سادگی کی تلقین کی ہے وہاں اللہ کی نعمتوں سے جائز طور پر فائدہ اٹھانے کی بھی اجازت دی ہے۔ قرآن میں ارشاد ہے: "کہہ دو! کس نے اللہ کی اُس زینت کو حرام کیا ہے جو اس نے اپنے بندوں کے لیے پیدا کی ہے اور کس نے رزق کی پاکیزہ چیزوں کو حرام کیا ہے؟" (الاعراف: 32) یہ آیت ہمیں بتاتی ہے کہ سادہ طرز حیات کا مطلب محرومی نہیں بلکہ اعتدال ہے۔ وہ اعتدال جو اسراف اور بخل کے درمیان ہے۔ سادہ پسند مسلمان اپنی زندگی کو اس طرح ڈھالتا ہے کہ نہ تو فضول خرچی کرے اور نہ ہی اپنے اوپر ناجائز تنگی ڈالے۔

آج کے دور میں سادہ پسند مسلمان کا تصور مزید اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ ہم ایک ایسی دنیا میں جی رہے ہیں جہاں صارفیت نے انسان کو غلام بنا لیا ہے۔ اشتہارات، برانڈز اور مارکیٹنگ کی چمک دمک نے ہمیں یہ باور کرا دیا ہے کہ خوشی زیادہ سے زیادہ چیزیں جمع کرنے میں ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ دوڑ انسان کو مزید بے سکون کر دیتی ہے۔ اسلام کے مطابق سکون کا ذریعہ کثرتِ اشیاء نہیں بلکہ قلب کا اطمینان اور اللہ کی یاد ہے: "أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ" (الرعد: 28)۔

سادہ پسند مسلمان اپنی زندگی کو چند اصولوں کے تحت گزارتا ہے: 1) لباس میں سادگی: ایسا لباس جو پاکیزہ، وقار والا اور اسلام کی حدود کے مطابق ہو، لیکن فضول نمائش اور نام ونمود پرستی سے پاک ہو۔ 2) رہائش میں اعتدال: گھر ضرورت کے مطابق ہو، دکھاوے کے لیے نہیں۔ اسلام نے بڑے محلات یا غیر ضروری تعمیرات کی حوصلہ افزائی نہیں کی۔ 3) کھانے میں میانہ روی: فضول خرچی سے بچنا، ضیاع نہ کرنا اور اعتدال کے ساتھ کھانا۔ رسول اللہؐ نے فرمایا: "آدمی کے لیے چند لقمے کافی ہیں جو اس کی کمر سیدھی رکھیں"۔ 4) وقت کا قیمتی استعمال: سادہ پسند مسلمان اپنا وقت بے مقصد مصروفیات اور سماجی ذرائع ابلاغ کے جال میں ضائع نہیں کرتا بلکہ اسے عبادت، علم، صحت اور مثبت کاموں پر لگاتا ہے۔ 5) دل کی صفائی: سادہ طرز حیات صرف مادی زندگی تک محدود نہیں بلکہ روحانی طور پر بھی یہ انسان کو حسد، لالچ اور دنیا کی بے جا محبت سے آزاد کرتا ہے۔

اگر ہم مسلم معاشروں پر نظر ڈالیں تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ہم نے اپنی اصل سادگی کھو دی ہے۔ شادی بیاہ ہو یا جنازے، دینی اجتماعات ہوں یا عید کے تہوار ہم نے ہر جگہ اسراف، نمود و نمائش اور مقابلہ بازی کو اپنا لیا ہے۔ اس کے نتیجے میں غریب طبقہ مزید دباؤ میں آجاتا ہے اور اصل دینی روح پس پشت چلی جاتی ہے۔ سادہ پسند مسلمان اس رویے کے خلاف ایک فکری بغاوت ہے جو ہمیں یاد دلاتی ہے کہ اسلام کا مقصد دکھاوا نہیں بلکہ دل کی پاکیزگی اور اعمال کی درستی ہے۔

سادہ پسند مسلمان کا یہ تصور نوجوان نسل کے لیے بھی ایک روشن پیغام ہے۔ آج کے دور میں جہاں بے شمار فیشن اور رجحانات ہمیں اپنی لپیٹ میں لے لیتے ہیں، نوجوان اگر سادہ پسند مسلمان کے فلسفے کو اپنائیں تو وہ نہ صرف اپنی دنیاوی زندگی میں سکون اور ہلکی پھلکی طرز حیات پا سکتے ہیں بلکہ اپنی دینی زندگی کو بھی بہتر بنا سکتے ہیں۔ یہ رجحان انہیں قرض، لالچ، مقابلے اور بے جا دباؤ سے نجات دلا سکتا ہے۔

آخر میں، سادہ پسند مسلمان کا پیغام یہی ہے کہ اصل دولت زیادہ چیزیں جمع کرنے میں نہیں بلکہ دل کو غیر ضروری بوجھ سے آزاد کرنے میں ہے۔ اسلام ہمیں یہی سکھاتا ہے کہ دنیا ایک عارضی مقام ہے، اصل گھر آخرت ہے۔ اور آخرت کی تیاری سادگی، خلوص اور اعتدال سے ہی ممکن ہے۔ اگر مسلمان دوبارہ اس سادہ مگر پر اثر طرز حیات کو اپنا لیں تو نہ صرف ان کی انفرادی زندگی سکون پائے گی بلکہ پورا معاشرہ توازن، خوشحالی اور امن کا گہوارہ بن جائے گا۔

